سوال

(223)جس کا کوئی استاد نہیں اس کا استاد شیطان ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو یہ کہتا ہے کہ جس کا کوئی استاد نہیں اس کا استاد شیطان ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بے شک علم حاملین علم ہی سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور وہ علماء صالحین ہیں جو ان سے علم حاصل کرے گا وہ بہت فائدہ اٹھائے گا نص کو سمجھ لے گا علم و عمل کو پہچان لے گا اور جو شخص محض کتابوں کے مطالعہ پر اکتفاء کرے گا اس سے بہت سی چیزیں مخفی رہ جائیں گی اور بعض کو وہ صحیح طور پر نہ سمجھ سکے گا لیکن یہ قول مجھے کسی مرفوع یا موقوف حدیث میں نظر نہیں آیا ہوسکتا ہے کہ علماء میں سے کسی نے یہ بات اس لئے کی ہوتا کہ لوگ علماء کے حلقوں میں شرکت کریں اور اہل علم کی مجلسوں سے دور نہ رہیں

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38